حق پرست عوام سیف یار خان کی والدہ کی صحتیابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔26 جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم الیکشن سیل کے رکن سیف یار خان کی والدہ ریحانہ یوسفی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ سیف یار خان کی والدہ کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن عمر دین کی ہمشیرہ محترمہ راحیلہ شفیق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆